**23.04.2024**

**13.50 Hrs**

**HL-OPENNING**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں ............ آسیہ میمونہ

**Music**

-------------------------------

1 لوک سبھا انتخابات کے دوسرے مرحلے کے لیے چناؤ مہم زوروں پر ہے۔مختلف سیاسی پارٹیوں کے رہنما کئی کئی ریلیاں کر رہے ہیں۔

2 جموں وکشمیر میں حکومت نے تمام آفیسروں اور عہدیداروں کیلئے ڈیجیٹل سگنیچر سرٹیفکیٹس DSC کے استعمال کو لازمی قرار دیا ہے۔

3 یوروپی یونین نے ویزا سے متعلق نئے ضابطوں کو اختیار کیا ہے، اِس سے بھارت کے کثرت سے سفر کرنے والے مسافروں کو متعدد جگہوں سے داخلے والے Schengen ویزہ کیلئے درخواست دینے کی اجازت ہوگی۔ ویزے کی میعاد بھی زیادہ رہے گی۔

4 بھارت کے محکمۂ موسمیات نے اگلے چار روز کے دوران مشرقی بھارت کے علاقوں میں گرمی کی لہر جاری رہنے کی پیش گوئی کی ہے۔

5 اور اولمپک میں تین مرتبہ تمغہ جیتنے والی Deepika کماری چین کے شنگھائی میں آج سے شروع ہونے والے تیر اندازی عالمی کپ میں بھارت کی قیادت کریں گی۔

**MUSIC**

اب خبریں تفصیل سے۔۔۔

**Overall Cmapaign**

لوک سبھا انتخابات کے دوسرے مرحلے کے لیے چناؤ مہم زوروں پر ہے۔ اِس مرحلے کے لیے انتخابی مہم کل ختم ہوجائے گی۔مختلف سیاسی پارٹیوں کے رہنما ووٹروں کو اپنے حق میں راغب کرنے کے لیے پورے ملک میں کئی کئی ریلیاں کر رہے ہیں۔ اِس مرحلے کے تحت 13 ریاستوں اور مرکز کے زیرِ انتظام علاقوں کی 89 سیٹوں پر ووٹ ڈالے جائیں گے۔راجستھان میں اس مرحلے کے تحت لوک سبھا کی 13 سیٹوں پر پولنگ ہوگی۔BJP ، کانگریس اور آزاد امیدوار چناؤمہم کے لیے پورا زور لگا رہے ہیں۔وزیراعظم اور BJP کے سرکردہ لیڈر نریندر مودی نے آج ٹونک سوائے مادھو پور لوک سبھا حلقے کے Uniara میں ایک عوامی میٹنگ سے خطاب کیا۔ BJP اور کانگریس کے کئی دیگر رہنما اپنی اپنی پارٹی کے امیدواروں کے لیے چناؤ مہم میں حصہ لے رہے ہیں۔وزیراعظم اور BJP کے سرکردہ رہنما نریندر مودی آج سے چھتیس گڑھ کے دو روزہ دورے پر رہیں گے۔ اپنے دورے کے دوران جناب مودی چھتیس گڑھ میں مختلف لوک سبھا حلقوں میں تین عوامی میٹنگوں سے خطاب کریں گے۔آج وہ Janjgir-Champa لوک سبھا حلقے کے Sakti اور مہاسمند لوک سبھا حلقے کے Dhamtari میں چناؤ ریلیوں سے خطاب کریں گے۔ کل جناب مودی Surguja لوک سبھا حلقے کے امبکا پور میں ایک عوامی میٹنگ کریں گے۔BJP کے اعلیٰ رہنما امت شاہ آج دوپہر مہاراشٹر کے اکولا میں BJP کے امیدوار انوپ Dhotre کے حق میں ایک عوامی میٹنگ سے خطاب کریں گے۔کانگریس نے ڈاکٹر ابھے پاٹل کو چناؤ میدان میں اتارا ہے۔ اکولا سے سابق رکن پارلیمنٹ ایڈوکیٹ پرکاش امبیڈکر جو ونچت بہوجن اگھاڑی کے سربراہ ہیں، وہ اِس حلقے سے چناؤ لڑ رہے ہیں۔ کُل 17 امیداور چناؤ میدان میں ہیں۔ یہاں اس ماہ کی 26 تاریخ کو ووٹ ڈالے جائیں گے۔لوک سبھا چناؤ کے چوتھے مرحلے کیلئے نامزدگی پرچے داخل کرنے کا عمل اِس ماہ کی 25 تاریخ کو ختم ہوجائے گا، جبکہ اگلے روز نامزدگی پرچوں کی جانچ پڑتال کی جائے گی اور اِس ماہ کی 29 تاریخ تک امیدوار اپنے نام واپس لے سکتے ہیں۔

10 ریاستوں اور مرکز کے زیر انتظام علاقوں میں اِس مرحلے میں لوک سبھا کی کُل 96 سیٹوں کیلئے اگلے مہینے کی 13 تاریخ کو ووٹ ڈالے جائیں گے۔ اِن میں اترپردیش، مدھیہ پردیش،مہاراشٹر، بہار، جھارکھنڈ، اوڈیشہ،مغربی بنگال، آندھراپردیش، تلنگانہ اور جموں وکشمیر شامل ہیں۔x

**PM Viist Chhattigarh**

وزیراعظم اور BJP کے سرکردہ رہنما نریندر مودی نے آج راجستھان کے ٹونک۔سوائی مادھو پور میں ایک انتخابی ریلی کی۔ ریلی سے خطاب کرتے ہوئے وزیراعظم نریندرمودی نے اُجاگر کیا کہ 2014 کے انتخابات میں بھارت کے عوام نے اُن کی سرکار پر اعتماد کا اظہار کیا۔ اِس اعتماد کا بھر پور فائدہ اُٹھاتے ہوئے اُن کی سرکار نے ایسے ایسے فیصلے کیے، جن کا کوئی تصورنہیں کرسکتا تھا۔ اِسی دوران انھوں نے الزام لگایا کہ اگر کانگریس اقتدار میں ہوتی تو جموں وکشمیر میں ہماری افواج پر ابھی بھی پتھر پھینکے جاتے۔ جناب مودی نے فوجیوں کیلئے ایک عہدہ ایک پنشن کے نفاذ میں اپنی سرکار کے رول کو بھی اُجاگر کیا۔

بعد میں آج جناب مودی چھتیس گڑھ کے مختلف لوک سبھا حلقوں میں تین عوامی جلسوں سے خطاب کریں گے۔

کُل وہ Sarguja لوک سبھا حلقے کے امبیکا پور میں ایک عوامی میٹنگ سے خطاب کریں گے۔x

**Kerala Election Campaign**

کیرالہ میں جمعے کے روز ہونے والے چناؤ کیلئے تیاریاں پورے زور شور سے جاری ہیں۔ ایسے میں سبھی بڑی سیاسی پارٹیاں، قومی رہنماؤں کی موجودگی میں اپنی انتخابی مہم میں سرگرم ہیں۔ BJP کے سینئر لیڈر اور مرکزی وزیر امت شاہ آج رات کیرالہ کے کوچی پہنچیں گے، وہ کُل NDA امیدواروں کی حمایت Alappuza اور Idukki حلقوں میں عوامی جلسے سے خطاب کریں گے۔

کانگریس صدر ملکارجن کھڑگے آج Chengannur اور Wayanad میں UDF کیلئے انتخابی مہم میں شرکت کریں گے۔ کانگریس لیڈر سچن پائلٹ آج ترواننت پورم میں مختلف انتخابی پروگراموں میں شرکت کریں گے۔

CPM کے رہنما پرکاش Karat اور برندا Karat نے بھی کُل LDF امیدواروں کیلئے انتخابی مہم میں شرکت کی۔

وزیراعلیٰ Pinarayi Vijayan بھی آج Kannur میں انتخابی پروگرام میں شرکت کریں گے۔

انتخابی مہم کُل ختم ہوجائے گی۔X

**J&K Digital Signature**

جموں وکشمیر میں سرکار نے تمام افسران اور اہلکاروں کے لئے ڈیجیٹل دستخط سرٹیفکٹ DSCs استعمال کرنے کو لازمی قرار دے دیا ہے۔ انتظامی اصلاحات اور عوامی شکایات، مرکزی سرکار کی عملے، عوامی شکایات اور پنشن کی وزارت e- office کے نفاذ کی حیثیت کا جائزہ لیتے ہوئے ڈیلنگ افسران کے درجے کے افسر اور اس سے اوپر یا اسکے مساوی درجے کے افسران کے لئے ای- آفس میں ای- فائل فارورڈ کرنے سے پہلے DSCs یا آدھار پر مبنی ای- دستخط یا ای- ہستاکشر کا استعمال لازمی کردیا ہے۔ اس پہل کا مقصد کام کاج کے لئے ڈیجیٹل ماحول فراہم کرنا ہے اور بذات خود دستاویز جمع کرنے پر انحصار کو کم کرنا، سائبر زمرے میں مناسب سیکورٹی اقدامات کو یقینی بنانا اور ای- آفس میں سرکاری فائلوں تک غیر قانونی طور سے رسائی کو روکنا ہے۔

تمام انتظامی ادارے کے سربراہان، ڈپٹی کمشنرس، مختلف PSUs، بورڈس اور کارپوریشنوں کے منیجنگ ڈائریکٹرس کو ہدایت دی گئی ہے کہ اپنے متعلقہ محکموں کے افسران کو ای- آفس میں DSCs یا آدھار پر مبنی ای- دستخط یا ای - ہستاکشر کے استعمال کو یقینی بنائیں، جو اس سال یکم جون کو انفارمیشن ٹیکنالوجی ایکٹ 2000 کے سیکشن 3 کی قرارداد کے تحت نافذ کیا گیا ہے۔ x

**J&K Home Voting**

جموں وکشمیر کے سانبا ضلعے میں تین اسمبلی حلقوں، 69 رام گڑھ، 70 سانبا اور 71 رام گڑھ میں بزرگ شہریوں اور معذور افراد کیلئے کُل گھر سے بلا رکاوٹ ووٹ دینے کا عمل مکمل کیا گیا تاکہ انتخابات میں اُن کی شمولیت کو یقینی بنایا جاسکے۔ آکاشوانی جموں کے نامہ نگار نے خبر دی ہے کہ AVSC اور AVPD زمروں کے تحت 514 ووٹروں کیلئے گھر سے ووٹ دینے کی سہولت دستیاب کرانے کی خاطر 49 ٹیمیں تشکیل دی گئی تھیں۔

514 ووٹروں میں سے 498 ووٹروں نے گھر سے ووٹ دینے کی سہولت کا استعمال کرتے ہوئے ووٹنگ کی، جن میں 85 برس سے زیادہ عمر کے بزرگ اور معذور افراد شامل تھے۔ ان ووٹروں نے اس سہولت کو دستیاب کرانے کیلئے انتخابی کمیشن کی پہل کی ستائش کی۔X

**J&K Postal Ballot**

جموں وکشمیر کے سانبا ضلعے میں تین اسمبلی حلقوں، رام گڑھ، وجے پور اور سانبا میں لوک سبھا انتخابات میں تمام اہل ووٹروں کی شرکت کو یقینی بنانے کیلئے ضروری خدمات کیلئے گئے ہوئے غیر حاضر ووٹروں ای وی ایس زمرے کے تحت پوسٹل ووٹنگ سینٹرس PVCپر کل شام ڈاک کے ذریعہ ووٹ ڈالنے کا عمل کامیابی کے ساتھ پورا کیا گیا۔آکاشوانی جموں کے نامہ نگار نے خبر دی ہے کہ مختلف محکموں کے 136 ملازمین نے پوسٹل بیلٹ کے ذریعے ووٹ ڈالنے کا انتخاب کیا۔ 78ملازمین نے 20 اور 21 اپریل کو ووٹ ڈالنے کی سہولت کا فائدہ اُٹھایا۔ اِسی دوران ضلع چناؤ افسر ابھیشیک شرما نے دیگر آفیسروں کے ساتھ سانبا ضلعے میں آنے والے انتخابات کی تیاریوں کا جائزہ لیا۔ اِس میں گھر سے ووٹ ڈالنے کی سہولت کا جائزہ بھی شامل ہے۔ انھوں نے سیکورٹی اقدامات اور لاجسٹک انتظامات کا بھی جائزہ لیا اور تمام متعلقہ فریقوں کو ہدایت دی کہ وہ خوش اسلوبی کے ساتھ شفاف انتخابات کو یقینی بنائیں۔

**India- Schengen Visa**

یوروپی یونین نے ویزا کے نئے قوانین اپنائے ہیں، جو بھارت سے اکثر آنے والے مسافروں کو طویل مدت کے ساتھ ایک سے زیادہ Schengenویزا کی درخواست دینے کی اجازت دیں گے، جس میں 29 یوروپی ممالک کے سفر میں آسانی ہوگی۔کل بھارت اور بھوٹان کے لئے یوروپی یونین کے وفد کی طرف سے اس کا اعلان کیا گیا۔ یہ ضابطے باقاعدہ بھارتی مسافروں کے لئے نئے نظام کے تحت ویزا حاصل کرنا آسان بنائیں گے۔ وفد کے بیان میں کہا گیا ہے کہ بھارتی شہریوں کو اب طویل مدتی ملٹی اینٹری Schengen ویزا جاری کیا جاسکتا ہے، جو پچھلے تین برسوں میں دو ویزے حاصل کرنے اور قانونی طور پر استعمال کرنے کے بعد دو سال کے لئے درست ہے۔ اگر پاسپورٹ کی کافی مدت باقی ہے تو دو سالہ ویزا کے بعد عام طو پر پانچ سال کا ویزا دیا جائے گا۔اس میں مزید کہا گیا ہے کہ ان ویزوں کی میعاد کے دوران، مسافر ویزا فری شہریوں کے مساوی سفری حقوق حاصل کریں گے۔x

**PM Hanuman Jayanti**

وزیراعظم نریندرمودی نے ہنومان جینتی کے موقع پر عوام کو مبارکباد دی ہے۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں جناب مودی نے بھگوان ہنومان کو یاد کیا اور کہا کہ Pavanputra کی لگن بھگوان رام کے تمام عقیدتمندوں کیلئے ہمیشہ ایک تحریک کا باعث رہے گی۔ انھوں نے امید ظاہر کی کہ بھگوان ہنومان کی آشیرواد سے ایک ترقی یافتہ بھارت کے عزم کو نئی توانائی ملے گی۔ x

**Israel MI Chief Resignation**

اسرائیل کی Millitry Intelligance کے سربراہ میجر جنرل Aharon Haliva نے اپنے عہدے سے استعفیٰ دے دیا ہے۔ انھوں نے یہ استعفیٰ 7 اکتوبر کو حماس کی جانب سے دہشت گردانہ حملے کے سلسلے میں نام قیادت کی وجہ سے دیا ہے، اس حملے کی وجہ سے مہینوں سے جنگ چھڑی ہوئی ہے۔ جناب Haliva نے کہا کہ ان کے ماتحت کام کرنے والا Intelligance Directorate اُس کام کو مکمل نہیں کرسکا، جس کی ذمہ داری اُسے سونپی گئی تھی۔ میجر Haliva اسرائیل کے پہلے ایسے اعلیٰ ترین افسر ہیں، جنھوں نے حماس کے حملے کو روکنے میں ناکام ہونے کی وجہ سے استعفیٰ دیا ہے۔ ان کے اس قدم سے اسرائیلی حکومت اور فوج کی سخت جانچ کا پتہ چلتا ہے۔ x

**DGCA- AIRLINES**

شہری ہوابازی کے ڈائریکٹوریٹ جنرل DGCA نے ایئرلائنز سے کہا ہے کہ وہ 12 سال کی عمر تک کے بچوں کے لئے ان کے والدین اور ان کے ساتھ سفر کرنے والے ان کے سرپرستوں کے ساتھ ہی ان کی سیٹ کے بھی بندوبست کو یقینی بنائیں۔ DGCA کے بیان کے مطابق اس کے نوٹس میں اس قسم کے مختلف واقعات آئے ہیں، جن میں 12 سال سے کم عمر کے بچوں کو ان کے والدین یا گارجین کے ساتھ بیٹھنے کا انتظام نہیں کیا گیا تھا۔ DGCA نے کہا ہے کہ فضائی ٹرانسپورٹ کے موجودہ سرکلر میں مناسب تبدیلیاں کی گئی ہیں۔ x

**President Uttarakhand Visit**

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو اتراکھنڈ کا دو روزہ دورہ کریں گی، جو آج سے شروع ہورہا ہے۔ صدر جمہوریہ باوقار آل انڈیا انسٹی ٹیوٹ آف میڈیکل سائنسز AIIMS رشی کیش میں جلسۂ تقسیم اسناد کی تقریب میں مہمان خصوصی کی حیثیت سے شریک ہوں گی۔سفر کے دوران اُن کا رشی کیش کے پرمارتھ آشرم کے نمائندوں سے ملنے اور شام میں گنگا آرتی میں شریک ہونے کا بھی پروگرام ہے۔صدر جمہوریہ کل دہرہ دون میں FRI کے مقام پر انڈین فاریسٹ سروس کے تربیت کاروں کے جلسہ تقسیم اسناد کی تقریب میں مہمان خصوصی ہوں گی۔X

**Bangladesh Padma Awards**

بنگلہ دیش کی معروف گلوکارہ رضوانہ چودھری Bamya کو کل پدم شری ایوارڈ سے نوازا گیا۔ صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے کل نئی دہلی میں راشٹرپتی بھون میں شہری اعزازات تفویض کرنے کی تقریب میں سال کے پدم وبھوشن، پدم بھوشن اور پدم شری ایوارڈز عطا کئے۔ رضوانہ چودھری Banya کو Art کے شعبے میں ان کی گرانقدر خدمات کے لئے انعام سے نواز گیا۔ بنگلہ دیش کی ایک پیشہ ور معروف و مقبول گلوکارہ ہونے کے ناطے انھوں نے Rabindra Sangeet کے لئے خود کو وقف کردیا۔ انھوں نے مہاتما گاندھی کی 150 ویں یوم پیدائش کے موقع پر ''Vaishnav Jan to'' گایا تھا۔ Banya اس وقت یونیورسٹی آف ڈھاکہ میں Department of Dance میں پروفیسر اور بانی چیئرپرسن ہیں۔رضوانہ چودھری کو Rabindra Sangeet کے فن کے شعبے میں ان کی غیر متزلزل لگن اور سرحد پار ثقافتی ورثے کے تحفظ اور فروغ میں ان کے اہم کردار کے لئے پدم شری ایوارڈ سے سرفراز کیا گیا ہے۔x

**IMD Weather**

بھارت کے محکمۂ موسمیات IMDنے پیشگوئی کی ہے کہ اگلے چار دن کے دوران، مشرقی بھارت میں لُو چلنے اور بدھ کے روز سے خطے کے مزید حصوں میں اس میں اضافہ ہونے کا امکان ہے۔ مغربی بنگال کے ترائی والے علاقوں کے دور دراز حصوں میں شدید گرمی کے حالات رہنے کا امکان ہے۔ محکمۂ موسمیات نے اندرونی کرناٹک، اوڈیشہ، مشرقی اترپردیش، مغربی اترپردیش، بہار اور جھارکھنڈ کے دور دراز کے علاقوں میں بھی گرمی کے حالات رہنے کی پیشگوئی کی ہے۔اوڈیشہ، Rayalaseema، مغربی بنگال کے ترائی والے علاقے، جھارکھنڈ، Vidharbh، چھتیس گڑھ، جنوب مغربی مدھیہ پردیش، تلنگانہ اور ساحلی آندھراپردیش کے بیشتر حصوں میں زیادہ سے زیادہ درجۂ حرارت 42 سے 45 ڈگری سیلسیس رہا۔ دوسری جانب محکمہ موسمیات کے دفتر نے کل تک کیلئے شمال مشرقی بھارت میں شدید بارش کی پیشگوئی کی ہے جبکہ اروناچل پردیش ، آسام، مگھالیہ، ناگالینڈ، منی پور، میزورم اور تریپورہ میں ہلکی سے اوسط بارش کا امکان ہے۔X

**Archery world Cup**

آج سے چین کے شہر شنگھائی میں تیر اندازی عالمی کپ 2024 شروع ہورہا ہے۔ اولمپک میں تین مرتبہ تمغہ جیتنے والی Deepika کماری تیر اندازی عالمی کپ میں بھارتی ٹیم کی قیادت کریں گی۔بھارت نے 16 رکنی تیر اندازی ٹیم کو بھیجا ہے۔ اِس میں آٹھ مرد اور آٹھ خواتین شامل ہیں۔ عالمی کپ کا پہلا مرحلہ اِس مہینے کی 23 سے 28 تاریخ کے دوران منعقد کیا جارہا ہے۔ x

**GOA- OCI- Development**

وزارت خارجہ نے ایک اہم اقدام میں پاسپورٹ دفتروں کو یہ ہدایت جاری کی ہے کہ وہ گوا اور دمن اور دیو کے ایسے افراد کو منسوخی کا حکم جاری کردیں، جس کے بھارتی پاسپورٹ پرتگالی شہریت حاصل کرنے کے بعد منسوخ ہوگئے تھے۔ وزارت داخلہ نے اب سابقہ پرتگالی علاقے سے تعلق رکھنے والے بھارتی شہریوں کی صورت میں Revocation Certificate میں متبادل دستاویزات کے طور پر قبول کرنے کا فیصلہ کیا ہے، جنھوں نے پرتگالی قومیت قانون کے مطابق پرتگالی شہریت حاصل کی ہے اور جنھیں آرپی اوز (علاقائی پاسپورٹ دفاتر) نے Surrender Cetificate کے بجائے Revocation Order جاری کیا ہے۔ اس فیصلے سے بہت سے لوگوں کو راحت مل سکتی ہے جو سابقہ پاسپورٹ کی ضروریات کی وجہ سے Overseas Citizenship of India کے لئے درخواست دینے کے لئے نااہل قرار دیئے گئے تھے۔x

xxxxxxxxxxxxxxxxxxxxxxxxxxxxxxxxxxx